COVID-19 بوسٹر شاٹ کی تجاویز

بوسٹر شاٹ 16 سال یا اس سے زائد عمر کے ہر اس فرد کے لیے تجویز کیا جاتا ہے جن کو **کم از کم چھ ماہ قبل Pfizer** یا **Moderna ویکسین** کی دوسری خوراک یا **کم از کم دو ماہ قبل Johnson & Johnson ویکسین** کی ایک خوراک لگی تھی۔ جن لوگوں کو امریکہ سے باہر کوئی دیگر COVID-19 ویکسین لگائی گئی ہو وہ بھی بوسٹر کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

بوسٹر شاٹ کیا ہے؟
بوسٹر شاٹ زیادہ تحفظ فراہم کرنے کے لیے کسی ویکسین کی اضافی خوراک ہوتی ہے۔

بوسٹر شاٹ کیوں تجویز کیا جا رہا ہے؟
ویکسینیں اب بھی COVID-19 کے باعث شدید بیماری، ہسپتال میں داخلے اور موت سے بچانے کے لیے بہت مؤثر ہیں۔ تاہم اس بات کے بڑھتے ہوئے ثبوت ہیں کہ ہلکی سے معتدل قسم کی انفیکشن کے خلاف تحفظ اتنا طاقتور نہیں ہوتا اور وقت گزرنے کے ساتھ کم ہو سکتا ہے۔

بوسٹر شاٹ آپ کو COVID-19 ہونے اور اسے دوسروں تک پھیلانے کے امکانات کو کم کر کے آپ، آپ کے خاندان اور آپ کی کمیونٹی کو اضافی تحفظ فراہم کر سکتا ہے، بشمول وہ بچے جن کو ویکسین نہیں لگائی جا سکتی اور ایسے دوست اور خاندان جن کو شدید COVID-19 کا زیادہ خطرہ ہے۔ وائرس کی زیادہ متعدی اقسام کی موجودگی کے پیش نظر بوسٹر شاٹس خاص طور پر اہم ہیں۔

کیا بوسٹر شاٹ ویکسین کی اسی برانڈ کا ہونا چاہیے جو برانڈ مجھے ابتدائی ویکسین سیریز میں لگی تھی؟
نہیں۔ آپ Pfizer، Moderna یا Johnson & Johnson کا بوسٹر شاٹ لگوا سکتے ہیں، اس سے قطع نظر کہ آپ نے اپنی ابتدائی ویکسینیشن سیریز میں کون سی ویکسین لگوائی تھی۔

اگر آپ کے ذہن میں اس حوالے سے سوالات ہیں کہ کون سی ویکسین لگوانی چاہیے تو پنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں۔ اگر آپ کو فراہم کنندہ تلاش کرنے میں مدد درکار ہو تو **311** پر کال کریں۔

کیا بوسٹر ٹیکوں میں وہی اجزاء ہوتے ہیں جو ابتدائی ویکسین سیریز کے لیے استعمال ہونے والی ویکسینوں میں ہیں؟
Pfizer اور Johnson & Johnson کا بوسٹر شاٹ وہی ویکسین ہے جو لوگوں کو ان کی ابتدائی ویکسین سیریز میں لگتی ہے۔Moderna کے بوسٹر ٹیکے میں وہی اجزاء ہیں لیکن یہ اس ہی ویکسین کی ایک چھوٹی خوراک ہوتا ہے جو لوگوں کو ان کی ابتدائی ویکیسن سیریز میں لگائی جاتی ہے۔

کیا بوسٹر ٹیکے کے ضمنی اثرات ہیں؟
آپ کو بوسٹر ٹیکے سے ضمنی اثرات ہو سکتے ہیں۔ ضمنی اثرات عام طور پر ہلکے سے معتدل ہوتے ہیں اور ایک سے تین دن تک رہ سکتے ہیں۔ ضمنی اثرات میں بازو میں درد، سر درد، جسم درد، تھکاوٹ اور بخار شامل ہو سکتے ہیں۔ شدید ردِ عمل بہت کم ہوتے ہیں لیکن بوسٹر ٹیکے کے بعد واقع ہو سکتے ہیں۔

میرا مدافعتی نظام کمزور ہے اور میں نے ویکسین کی تیسری خوراک لگوائی ہے۔ کیا میں بوسٹر شاٹ لگوا سکتا ہوں؟
16 سال اور اس سے زیادہ عمر کے افراد جن کا مدافعتی نظام معتدل سے شدید حد تک کمزور ہے اور انہیں Pfizer یا Moderna ویکسین کی تیسری خوراک لگی چکی ہے، وہ اپنی تیسری خوراک کے کم از کم چھ ماہ بعد بوسٹر شاٹ لگوا سکتے ہیں۔ تیسری خوراکوں کے متعلق معلومات کے لیے **on.nyc.gov/thirddose** پر **کمزور مدافعتی نظام کے حامل لوگوں کے لیے تیسری خوراک** کا مطالعہ کریں۔

مجھے امریکہ سے باہر یا کلینیکل ٹرائل کے حصے کے طور پر کوئی مختلف COVID-19 ویکسین لگی تھی۔ کیا میں بوسٹر شاٹ لگوا سکتا ہوں؟

16 سال اور اس سے زائد عمر کے وہ افراد جن کو ایسی ویکسین کی دو خوراکیں لگ چکی ہیں جو عالمی ادارہِ صحت کی جانب سے ہنگامی استعمال کے لیے منظور شدہ ہے (لیکن امریکی فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن کی جانب سے اجازت یافتہ یا منظور شدہ نہیں) وہ اپنی ویکسین کی آخری خوراک کے کم از کم چھ ماہ بعد **Pfizer ویکسین** کی بوسٹر خوراک لگوا سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو Novavax کلینکل ٹرائل کا حصہ ہیں اور انہیں فعال ویکسین (پلیسیبو نہیں) لگی تھی وہ بھی Pfizer ویکسین کا بوسٹر لگوا سکتے سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے **cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/vaccines/booster-shot.html** ملاحظہ کریں۔

میں کس جگہ سے بوسٹر شاٹ لگوا سکتا ہوں؟
آپ کسی بھی ایسی جگہ سے بوسٹر شاٹ لگوا سکتے ہیں جہاں آپ کا مطلوبہ ویکسین کا برانڈ پیش کیا جا رہا ہو۔ ویکسینیشن سائٹ تلاش کرنے کے لیے **nyc.gov/vaccinefinder** پر جائیں اور"Any vaccine" (کوئی بھی ویکسین) ڈراپ ڈاؤن میں سے اپنا ترجیحی برانڈ منتخب کریں۔ آپ سٹی کے زیرِ انتظام چلائی جانی والی کوئی سائٹ تلاش کرنے میں مدد لینے کے لیے 877-829-4692 پر کال بھی کر سکتے ہیں۔ گھر پر مفت ویکسینیشن کروانے کا وقت لینے کے لیے **nyc.gov/homevaccine** پر جائیں یا 877-829-4692 پر کال کریں۔

کیا میں بوسٹر شاٹ دوسری ویکسینوں، جیسے فلو کی ویکسین، کے ساتھ ایک ہی وقت میں لگوا سکتا ہوں؟
جی ہاں۔ آپ بوسٹر شاٹ دوسری ویکسینوں کے ساتھ ایک ہی وقت میں، یا ان سے پہلے یا بعد کسی بھی وقت لگوا سکتے ہیں۔ اگر آپ نے ابھی تک فلو کا شاٹ نہیں لگوایا ہے تو کوئی ایسا مقام تلاش کریں جہاں یہ دونوں ویکسینیں پیش کی جا رہی ہوں، جیسے کئی فارمیسیاں۔

کیا بوسٹر شاٹ مفت ہے؟
جی ہاں، بوسٹر شاٹ ہر اس فرد کے لیے مفت ہے جو اس کے لیے اہل ہے۔ اگر آپ کے پاس بیمہ ہے تو اس کے ذریعے بل وصول کیا جا سکتا ہے لیکن آپ سے لگوانے کی فیس یا کوئی دوسری فیس وصول نہیں کی جائے گی۔

مجھے بوسٹر شاٹ لگوانے کے لیے کون سی دستاویزات دکھانے کی ضرورت ہو گی؟
آپ کو اپنی تاریخ پیدائش ظاہر کرنے والی کوئی دستاویز جیسے ڈرائیونگ لائسنس، غیر ڈرائیور ID، IDNYC، پیدائش کا سرٹیفیکیٹ یا پاسپورٹ دکھانے کی ضرورت ہو گی۔ اگر آپ کا ویکسینیشن کارڈ ہو تو ساتھ لے کر آئیں۔

کیا مجھے مکمل طور پر ویکیسن یافتہ ہونے کے لیے بوسٹر شاٹ درکار ہے؟
نہیں۔ لوگوں کو اس وقت مکمل ویکسین یافتہ مان لیا جاتا ہے جب دو خوراکوں والی ویکسین (جیسے Pfizer یا Moderna) کی دوسری خوراک کو دو ہفتے گزر جائیں یا ایک خوراک والی Johnson & Johnson ویکسین کے بعد دو ہفتے گزر جائیں۔

صورتحال کے ارتقاء کو دیکھتے ہوئے NYC محکمہ صحت سفارشات تبدیل کر سکتا ہے۔ 12.14.21